فوری ریلیز کے لیے: 29/7/2022 گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے ادراکی اور نشوونمائی معذوریوں کے حامل افراد پر خانگی تشدد کے لیے مشاورتی کونسل کے آغاز کا اعلان کیا

خانگی تشدد سے بچاؤ کا دفتر نشوونمائی معذوریوں کی منصوبہ بندی کونسل کے ساتھ شراکت داری کرے گا ادراکی اور نشوونمائی معذوریوں کی مشاورتی کونسل کا آغاز کرے گا

ادراکی اور نشوونمائی معذوریوں کی مشاورتی کونسل IDD کے حامل ان افراد کے لیے خانگی تشدد کی خدمات تک رسائی کو بڑھا دے گی جو خانگی تشدد سے بچ جانے والے متاثرہ افراد ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج ادراکی اور نشوونمائی معذوریوں کے شکار افراد کے لیے مشاورتی کونسل کے آغاز کا اعلان کیا، جو خانگی تشدد اور ادراکی و نشوونمائی معذوری کے نظاموں، دونوں کی صلاحیت کو مضبوط کرے گا تاکہ IDD کے حامل ان افراد کے لیے خانگی تشدد کی خدمات تک رسائی میں اضافہ ہو جو گھریلو تشدد سے بچ جانے والے متاثرین ہوں۔ مشاورتی کونسل کے ذریعے، ریاست نیویارک کا خانگی تشدد سے بچاؤ کا دفتر اور ریاست نیویارک کی نشوونمائی معذوریوں کی منصوبہ جاتی کونسل مل کر ادراکی و نشوونمائی معذوری اور خانگی تشدد کی خدمات کے فراہم کنندگان کے لیے تربیتی مہارت کو فروغ دینے اور نافذ کرنے کے لیے کام کریں گے۔ مشاورتی کونسل پروجیکٹ کی ترقی و فروغ سے مطلع کرنے کے لیے ماہرانہ رائے اور آگاہی فراہم کرے گی،فراہم کردہ تربیتی لوازمات کا جائزہ لے گی اور فیڈبیک پیش کرے گی، رسائی کو فروغ دینے کے لیے رابطے کی حکمت عملیوں کا مشورہ کرے گی، اور تربیت کی فراہمی کی رہنمائی میں حصہ لے گی۔

"میری والدہ نے خانگی اور صنفی بنیاد پر تشدد سے بچ جانے والے متاثرہ افراد کے لیے ایک گھر کھولا، تاکہ زدپذیر کمیونٹیز، بشمول ادراکی اور نشوونمائی معذوریوں کے حامل افراد، کے لیے خدمات فراہم کی جا سکیں، جو میرے لیے ایک انتہائی مسئلہ ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اس وبائی مرض نے المناک طور پر خانگی اور صنفی بنیاد پر تشدد میں اضافہ کیا ہے، یہی وجہ ہے کہ ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہیں کہ زندہ بچ جانے والے درکار مدد اور خدمات تک محفوظ طریقے سے رسائی حاصل کر سکیں۔"

ریاست نیو یارک کے دفتر برائے گھریلو تشدد کی روک تھام کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Kelli Owens نے کہا، "معذوریوں کے حامل افراد انتہائی بلند شرح پر خانگی اور جنسی تشدد کا سامنا کرتے ہیں۔ جیسا کہ OPDV خدمت کی فراہمی برائے صنفی بنیاد پر تشدد کے نظاموں کو مزید بچ جانے والے افراد پر مرکوز، صدمے سے باخبر، اور ثقافتی طور پر جوابدہ سسٹمز میں تبدیل کرتا ہے، تو ہمیں لازمی ان لوگوں کے لیے آواز اٹھانی چاہیئے جن کو پہلے سے مشاورتی نشستوں میں شامل نہیں کیا جاتا ہے۔ مجھے ایک ایسی گورنر کے ساتھ کام کرنے پر فخر ہے جو معذوریوں کے حامل افراد کی منفرد ضروریات کو تسلیم کرتی ہیں اور ایسے اقدامات کی حمایت کرتی ہے جو سب کے لیے رسائی اور مساوات پیدا کرتے ہیں۔"

OPDV ایک مشاورتی ایجنسی کے ساتھ کام کرے گا جو ادراکی اور نشوونمائی معذوریوں میں مہارت رکھتی ہے تاکہ بدسلوکی کا سامنا کرنے والے IDD کے حامل افراد کی شناخت اور ان کے ساتھ کام کرنے کے بارے میں ایک جامع تربیت وضع کی جا سکے۔ یہ تربیت DV اور IDD فراہم کنندہ عملے دونوں کی IDD کے حامل ان افراد کو

ردِعمل دینے میں مہارت حاصل کرنے میں مدد کرے گی جو DV کا تجربہ کر رہے ہیں اور زندہ بچ جانے والوں کو مناسب وسائل اور معاونتوں سے جوڑے گی۔

ریاست نیو یارک کے دفتر برائے نشوونمائی معذوریوں کے حامل افراد کی کمشنر، Kerri E. Neifeld نے کہا، "معذوریوں کی حامل خواتین کا اپنے غیر معذور شریکِ حیات کے مقابلے میں تین گنا زیادہ خانگی تشدد کا سامنا کرنے کا امکان پایا جاتا ہے۔ ہمیں نشوونمائی معذوریوں کے حامل افراد کی معاونت کرنے اور انہیں بااختیار بنانے کے لیے کام کرنا چاہیئے جنھوں نے خانگی اور شریک حیات کے تشدد کا تجربہ کیا ہے اور اس بات کو یقینی بنانا چاہیئے کہ ان کی آواز سنی جائے۔ میں گورنر Kathy Hochul، OPDV اور NYS DDPC کے، ادراکی اور نشوونمائی معذوریوں کے لیے مشاورتی کونسل قائم کرنے میں، قائدانہ کردار ادا کرنے پر شکر گزار ہوں تاکہ نیویارک کے نشوونمائی معذوریوں کے حامل رہائشیوں کی حفاظت اور بہبود کو بہتر بنایا جا سکے۔ OPWDD اس کوشش میں ہماری ساتھی ریاستی ایجنسیز کے ساتھ شراکت کے لیے پرعزم ہے۔"

ریاست نیویارک کی نشوونمائی معذوریوں کی منصوبہ جاتی کونسل کے قائم مقام ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Vicky Hiffa نے کہا، "ہم جانتے ہیں کہ غیر معذور افراد کے مقابلے میں معذوریوں کے حامل افراد کے خانگی تشدد کا شکار ہونے کا زیادہ امکان ہوتا ہے۔ نشوونمائی معذوریوں کی منصوبہ جاتی کونسل، IDD اور DV دونوں فراہم کنندہ ایجنسیز کے عملے کو معذوریوں کے حامل افراد کے لیے خانگی تشدد کی علامات کو پہچاننے اور قابل رسائی معلومات اور وسائل کے ہمراہ مناسب طریقے سے جواب دینے کے بارے میں آگاہی دینے کے اس اہم اقدام پر، خانگی تشدد سے بچاؤ کے دفتر کے ساتھ شراکت کرنے پر خوش ہے۔ ہم پروجیکٹ کی تشکیل کے لیے ایک مضبوط مشاورتی کونسل کا انتخاب کرنے پر OPDV کو سراہتے ہیں اور ہمیں بھروسہ ہے کہ یہ اراکین پروجیکٹ کے نتائج کو تقویت دینے میں مدد کریں گے۔"

اراکین کی فہرست ذیل میں دستیاب ہے:

- Nancy Nowak - ID/DD پروگرام، NY حقوق برائے معذوری، کے حامل افراد کے تحفظ اور وکالت کی سینئر وکیل
- Vanessa E. Eybers - ملازمت کی خدمات، کیمپ وینچر کی ڈائریکٹر
- Janna Kopacki - فوائد کی خدمات کی ڈائریکٹر، جنوبی ایڈیرون ڈیک آزادانہ گزر بسر کا مرکز
- Michelle Cook - قبیلہ جاتی نگہداشت کی مینیجر سپروائزر، سینٹ ریجس موہاک قبیلہ
- Imani Whitfield - وکیل برائے جرم سے متاثرہ فرد، البانی کاؤنٹی DA
- Alexa Donnelly - ڈپٹی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر، مرکوزِ فرد نگہداشتی خدمات
- Anastasia Holoboff - سینیئر قانونی مشیر، بین الاقوامی بااختیار خواتین
- Laura Holland - مالک، کل قابلیتی فلاح و بہبود
- Mona Kelly - معاون پیشہ ور، ایمیٹی ول پبلک سکولز
- Andrew Richardson - براہ راست معاونتی پیشہ ور، ہیریٹیج کرسچن خدمات
- Susan Ruff - وکالتی ڈائریکٹر، جنوبی سلسلہ جاتی خود مختار مرکز
- Tiffany Pavone - پروجیکٹ ڈائریکٹر، ہر 1 فرد کے لیے کمیونٹی کی خدمات

خانگی تشدد سے بچاؤ کا دفتر ملک کی واحد ایگزیکٹیو سطح کی ریاستی ایجنسی ہے جو خانگی تشدد کے مسئلے کے لیے وقف ہے۔ ریاست کی خانگی اور جنسی تشدد کی ہاٹ لائن 7/24 مفت، خفیہ مدد فراہم کرتی ہے، اور بہت سی زبانوں میں دستیاب ہے: 800-942-6906 (کال)، 844-997-2121 (متنی پیغام) یا @opdv.ny.gov (چیٹ)۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418